© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

✼ این جی اوز کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ (عمر اصغر خان)

کچھ بھی کر لو! آخر جیت ہماری ہے۔

✼ عدالت میں بہنوئی نے فائرنگ کر کے دو سالے زخمی کر دیئے۔ (ایک خبر)

ایک سالا زخمی کرنا چاہیئے تھا۔

✼ وزیر اعظم کی بھی اپنی فوج ہونی چاہیئے جو پانچ چھ فوجی ٹرکوں کو روک سکے۔ (کلثوم نواز)

عورت واقعی ناقص العقل ہوتی ہے۔

✼ (بیت المقدس) قرآنی آیات کی بے حرمتی۔ یہودی لڑکیوں کا برہنہ رقص۔ (ایک خبر)

عربوں کی بے حمیتی۔ مسلمانوں کے لئے ذلت و نکبت!

✼ خواتین کی پچاس فیصد نمائندگی۔ ہماری ثقافتی روایات کے منافی ہیں۔ (یوسف رضا)

پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے!

✼ جنرل اعظم کی اہلیہ کی رسم قل آج ہے۔ (ایک خبر)

دس ہزار مسلمانوں کے قاتل کا رسم قل سے کیا تعلق!

✼ امریکہ میں ہر چوتھی ملازمت پیشہ عورت کی عزت لوٹ لی جاتی ہے۔ (ایک خبر)

اسی لئے یہاں پچاس فیصد مزید عورتوں کو گھروں سے نکالا جا رہا ہے۔

✼ زمیندار کے بیٹے نے دس سالہ لڑکی پر کتا چھوڑ دیا۔ (ایک خبر)

کاش! "کارکنان قضا و قدر" میں سے کسی کے ساتھ ایسا ہوا ہوتا!

✼ جھنگ میں بھینس کے تنازعہ پر دو افراد قتل۔ (ایک خبر)

اور بھینس زندہ ہے

✼ پولیس۔ کلثوم نواز کی گاڑی۔ کرین سے اٹھا کر جی او آر لے گئی۔ (ایک خبر)

باکمال لوگ۔ لاجواب پرواز!

✼ بنگلہ دیش کے آئین سے "بسم اللہ" کو حذف نہ کیا۔ تو الگ ریاست بنائیں گے۔ (ہندوؤں کا الٹی میٹم)

اسی باعث تو قتلِ عاشقاں سے منع کرتے تھے۔

© rasailojaraid.com